BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن شمالی امریکہ میں کرکٹ کے گڑھ کے طور پر اپنے مقام کو مضبوط کر رہا ہے

***کھیلوں کی سیاحت میں سرمایہ کاری اور مقامی کرکٹ کی سہولیات میں اضافہ کیا جا رہا ہے***

برامپٹن، آن (15 جون 2023) – گزشتہ روز اپنی میٹنگ کے دوران، سٹی کونسل نے برامپٹن کے کرکٹ انفراسٹرکچر میں اضافی بہتریوں کو منظور کیا، جو اس مقامی کھیل کی مسلسل بڑھوتری اور سٹی کے "شمالی امریکہ کا کرکٹ کا گڑھ" بننے کے تصور کو ممکن بنائے گا۔

پورے برامپٹن میں کرکٹ کی سہولت گاہوں کے لیے حالیہ طور پر منظور شدہ بہتریوں میں شامل ہیں:

- اینڈریو مک کینڈلیس پارک میں کوالٹی سویٹس کرکٹ پچ – بجلی تک رسائی کے ساتھ سائے کے لیے دو اضافی ڈھانچے اور چار لین والے ایک کرکٹ بیٹنگ کیج کی تنصیب؛
- سیو میکس سپورٹس سنٹر – چار لین والے ایک کرکٹ بیٹنگ کیج کی تنصیب۔
- بیٹسمین پارک آپشنز – کمیونٹی کے ساتھ مشاورت اور 2024 بجٹ میں غور کے لیے دو سے چار سایہ دار بادبانوں یا سایے والے ڈھانچوں کو شامل کرنے پر غور؛
- ٹیراماٹو اور امینسیپیشن پارکس آپشنز – دونوں پارکس میں کمیونٹی کے ساتھ مشاورت اور 2024 بجٹ میں غور کے لیے چار سایہ دار بادبانوں یا سایے والے ڈھانچوں کو شامل کرنے پر غور؛

ان سرمایہ کاریوں کے علاوہ، سٹی کرکٹ بیٹنگ کیجز کے لیے لینز کی تفویض کو منتظم کرنے کا ایک نظام بنائے گا اور پارکس اینڈ ریکریئیشن ماسٹر پلان میں جاری تجدید کے حصے کے طور پر مقامی کرکٹ تنظیموں کے ساتھ تعامل جاری رکھے گا۔ یہ پورے برامپٹن میں کرکٹ کی بڑھوتری کے لیے موزوں معاونت کو یقینی بنائے گا۔

کرکٹ کینیڈا میں بڑھنے والے تیز ترین کھیلوں میں سے ایک ہے اور سٹی آف برامپٹن رہائشیوں کے استعمال کے لیے کرکٹ کی متحرک سہولیات کی پیشکش کرتا ہے۔ برامپٹن کے کرکٹ کے کھلاڑی گزشتہ دہائیوں کے دوران بڑھ کر مقامی غیر منافع بخش لیگز میں تبدیل ہو گئے، مثلاً برامپٹن کرکٹ لیگ (BCL) اور برامپٹن ایٹوبیکوک ڈسٹرکٹ کرکٹ لیگ (BEDCL)، جس نے اس کھیل کے لیے حمایت اور دلچسپی کی ایک بنیاد بنا دی ہے۔ شہر کی سہولیات 42 منفرد سیزنل تنظیموں، ٹورنامنٹس اور افراد کی میزبانی کرتی ہے، جو فیلڈ پر 14,000 گھنٹوں سے زائد کا وقت بک کرتے ہیں۔

پچھلے تین سالوں کے دوران، برامپٹن نے کرکٹ کی سہولیات کو میں 20 بہتریوں میں $2,000,000 سے زائد کی سرمایہ کاری کی ہے اور مستقبل کے پراجیکٹس کے لیے تفویض شدہ $7,000,000 کے ساتھ کمیونٹی کی ضرورت کو ترجیح دینا جاری ہے۔ اضافی ترقیاتی کاموں میں ٹرنر فینٹن سیکنڈری اسکول، کریڈٹ ویو سینڈل ووڈ پارک میں ایک پوری طرح روشن کرکٹ کا میدان اور گور میڈوز ایسٹ کمیونٹی پارک میں تین نئے میدان شامل ہیں۔

## 2023 گلوبل T20 کینیڈا ٹورنامنٹ

گلوبل T20 (GT20) ایک سالانہ کرکٹ ٹورنامنٹ ہے جس میں شمالی امریکہ کے کرکٹ کے چوٹی کے کھلاڑی اور دنیا بھر سے تعلق رکھنے والے کرکٹ کے درخشاں ستارے شامل ہو کر اس کی شان میں اضافہ کرتے ہیں۔

سٹی 2023 GT20 کرکٹ ٹورنامنٹ کا فخریہ اسپانسر ہے، جو 20 جولائی سے لے کر 6 اگست تک برامپٹن سپورٹس پارک، CAA سنٹر سپورٹس اینڈ اینٹرٹیمنٹ کمپلیس، 7575 کینیڈی روڈ ایس میں منعقد ہو رہا ہے۔ سٹی نے سابقہ طور پر 2019 میں ٹورنامنٹ کے دوسرے سیزن کی میزبانی کی تھی، جس نے قومی اور بین الاقوامی ناظرین کی دلچسپی حاصل کی تھی۔

GT20 ٹورنامنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم www.gt20.ca ملاحظہ کریں۔

طلب میں اضافے کے ساتھ، سٹی مزید مواقع پیدا کرنے اور اپنے کھیل کے میدانوں کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے، بشمول پورے سال استعمال کے لیے موسم سرما کے لیے ممکنہ طور پر تیار کرنا، تاکہ تمام لوگوں کے کھیلنے اور لطف اندوز ہونے کے لیے جگہ بنائی جا سکے۔

[www.brampton.ca/cricket](http://www.brampton.ca/cricket) پر مزید جانیں۔

**اقتباسات**

"کرکٹ شمالی امریکہ کے تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے اور سب سے زیادہ دیکھے جانے والے کھیلوں میں سے ایک کے طور پر سامنے آیا ہے اور برامپٹن میں یہ زور و شور سے بڑھ رہا ہے! ہمیں اس سال گلوبل T20 کینیڈا ٹورنامنٹ کو برامپٹن میں دوبارہ خوش آمدید کہنے پر بےحد خوشی ہے، تاکہ ہم ایک مرتبہ پھر بین الاقوامی توجہ حاصل کر سکیں اور اپنی مقامی کمیونٹی کی کرکٹ تنظیموں اور مداحوں کو ترغیب دے سکیں۔ ہم رسائی اور بہتریوں میں سرمایہ کاری کرنے کی اہمیت کو پہچانتے ہیں، خاص طور پر اپنے نوجوانوں کے لیے اور ہم واپسی دیکھنا جاری ہیں، جبکہ یہ کھیل ہماری کمیونٹی میں لوگوں کو متحد کرنا، بڑھانا اور خوشحال کرنا جاری ہے۔"
- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

"سٹی آف برامپٹن کرکٹ کے صارفین، پارٹنرشپس، سہولت گاہوں اور تقریبات کا ایک بڑھتا ہوا مرکز ہے اور ہمیں فخر ہے اس نام پر، جو ہماری کمیونٹی عالمی طور پر بنا رہی ہے۔ ہمارے کرکٹ کے مقامی انفراسٹرکچر کو بہتر کرنے میں مسلسل سرمایہ کاری یقینی بنائے گی کہ ہم اپنی کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کریں اور ساتھ ہی مستقبل کے قابل افراد کو کھیل کے اندر بڑھنے کے لیے درکار سہولیات تک رسائی کو ممکن بنائے گی۔"
- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹویٹر، فیس بک، اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید یہاں جانیں: [www.brampton.ca](http://www.brampton.ca)۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca